ہر مظلوم کی آواز ظلم کے خلاف ABC CERTIFIED حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

لاہور، راولپنڈی، اسلام آباد، کراچی، پشاور، فیصل آباد اور لندن سے دستیاب ہونے والا قومی اخبار

روزنامہ نئی عدالت لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری نصر اللہ خاں وڑائچ

ایڈیٹر: کاشف ایاز چٹھہ

جلد 9	ہفتہ 17 رجب المرجب 1446ھ 18 جنوری 2025ء 06 ماگھ 2080ب	صفحات 8	قیمت 12 روپے	شمارہ 218

www.naiadaalat.com E-mail.naiadaalatlhr512@gmail.com

لاہور آفس نے 2024 میں 46496 شکایات پر فیصلے کئے' اعجاز قریشی

فیصلوں پر عملدرآمد کو ہر ممکن کوشش کر کے یقینی بنائیں تاکہ عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ ہو

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی نے ریجنل آفس لاہور کا دورہ کیا اور افسران سے ملاقات کی۔ وفاقی محتسب نے ریجنل آفس لاہور کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ لاہور آفس نے سال 2024 میں 46، 496 شکایات پر فیصلے کئے اور تمام دفاتر میں سرِفہرست رہا۔ میٹنگ میں وفاقی اداروں کے خلاف بڑھتی ہوئی شکایات پر انہوں نے کہا کہ یہ عوام کا ہم پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی علامت ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد کو ہر ممکن کوشش کر کے یقینی بنائیں تاکہ عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ ہو۔ بعد ازاں وفاقی محتسب نے شیخوپورہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے ملاقات کر کے ان کے مسائل کو سنا اور ان کے مسائل کے حل کی یقینی دہانی کرائی۔ بعد ازاں وفاقی محتسب نے بنیاد فاؤنڈیشن کی نائب چیئر پرسن شاہین عتیق الرحمان سے ملاقات کی اور بچوں کے حقوق کے تحفظ میں درپیش مسائل کے حل کے لئے مشاورت کی اور اس نیک عمل میں اپنی ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

★★★★★ کثیر الاشاعت اور منفرد اخبار ★★★★★
Daily "JAGTA PAKISTAN" Lahore
روزنامہ جاگتا پاکستان لاہور
چیف ایڈیٹر بشارت محمود خان   ایڈیٹر ایم شفیق رائے
جلد 4 | ہفتہ 18 جنوری 2025ء 17 رجب المرجب 1446ھ 6 ماگھ 2082 ب قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 149

وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ریجنل آفس لاہور کے دورہ کے موقع پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی کا لاہور آفس کا دورہ

وفاقی محتسب کی افسران سے ملاقات اور ریجنل آفس لاہور کی کارکردگی کو سراہا

لاہور (آئی این پی) وفاقی محتسب جناب اعجاز احمد قریشی نے ریجنل آفس لاہور کا دورہ کیا اور افسران سے ملاقات کی۔ وفاقی محتسب نے ریجنل آفس لاہور کی کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ لاہور آفس نے سال 2024 میں 46،496 شکایات پر فیصلے کیئے اور تمام دفاتر میں سرِ فہرست رہا۔ میٹنگ میں وفاقی اداروں کے خلاف بڑھتی ہوئی شکایات پر فرمایا کہ یہ عوام کا ہم پر بڑھتےہوئے اعتماد کی علامت ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ وہ فیصلوں پر عمل درآمد کو ہر ممکن کوشش کر کے یقینی بنائیں تا کہ عوام کے اعتماد میں مزید اضافہ ہو۔ بعد ازاں وفاقی محتسب نے شیخوپورہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے ملاقات کی جس میں انہیں بزنس کمیونٹی کے مسائل کو سنا اوران کے مسائل کے حل کی یقینی دہانی کرائی۔ بعدازاں وفاقی محتسب نے بنیاد فاؤنڈیشن کی نائب چیئر پرسن محترمہ شاہین عتیق الرحمان صاحبہ سے ملاقات کی اور بچوں کے حقوق کے تحفظ میں درپیش مسائل کے حل کے لئے مشاورت کی اور اس نیک عمل میں اپنی ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔